Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پنجاب میں ہتکِ عزت قانون پر قائم مقام گورنر کے دستخطوں کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے ہتکِ عزت قانون کو ناقابل قبول کالا قانون قرار دے کر سیاسی، پارلیمانی اور عدالتی سطح پر اس کی بھرپور مزاحمت کا اعلان

نامکمل اور فارم 47 زدہ ایوان سے سپیکر منتخب ہونے والے باجوہ کے ازلی ٹاؤٹ کو ہتکِ عزت قانون پر دستخط کرتے ہوئے شرم آنی چاہیئے تھی، ترجمان تحریک انصاف

سیاسی آوارہ گردوں کے کنسور شیم نے دستور کی روح کے خلاف مقتدرہ کے مکروہ ایجنڈے کو کندھا فراہم کر کے سیاست اور جمہوریت کو شرمسار کیا ہے، ترجمان تحریک انصاف

جمہوریت کا منجن بیچنے والی دو بڑی جماعتوں، بھگوڑا لیگ اور ٹی ٹی پارٹی نے آزادیٔ اظہار وابلاغ کو criminalise کر کے آمریت کی نظریاتی اولاد ہونے کی حقیقت پوری دنیا کو دکھائی ہے، ترجمان تحریک انصاف

عوامی تائید اور مینڈیٹ سے محروم ان ضمیر، دستور اور جمہوریت فروشوں نے دستور بیزار قوّتوں اور ان کے کسٹوڈین جنگل راج سے نمک حلالی کا حق ادا کیا ہے، ترجمان تحریک انصاف

دستور سے نسبت رکھنے والے تمام طبقہ ہائے فکر خصوصاً صحافی اور سول سوسائٹی اس کالے قانون کے خلاف ہم آواز ہیں، تحریک انصاف اس کالے قانون کے نفاذ کو روکنے اور ملک بھر خصوصاً پنجاب کے عوام کو اس کی نحوست سے بچانے کیلئے دستور کی محافظ عدلیہ کا دروازہ کھٹکھٹائے گی، ترجمان تحریک انصاف

قاضی صاحب نے دستور کو گروی رکھ کر عدلیہ کو کسی غیر اعلانیہ آمر اور اس کی مینڈیٹ چور کٹھ پتلیوں کو پٹے پر نہیں دے رکھا تو اپنے حلف سے وفا نبھائیں اور آزادیٔ اظہار وابلاغ کے خلاف اس سنگین اقدام کی راہ روکیں،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ